© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

قارئین کے استفادہ اور علمی کاوشوں سے آگاہی کے لئے صرف فقہی، علمی اور تحقیقی کتابوں پر تبصرہ پیش کیا جاتا ہے جس کے لئے ہر کتاب کے دو نسخے بھیجنے ضروری ہیں۔ (ادارہ)

نام کتاب : سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

تالیف : مولانا سید طارق علی شاہ ہزاروی

۴۵۷ صفحات پر مشتمل معیاری طباعت کے ساتھ یہ کتاب ادارہ صدائے انقلاب ویکفیلڈ برطانیہ نے شائع کی ہے۔ جو کہ پاکستان میں سید عاصم علی شاہ جامعہ اشرفیہ مانکوٹ ملتان کے ہاں سے دستیاب ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ اور ان کے اساتذہ و تلامذہ جو کہ آئمہ تھے کے حیات مبارکہ اور آئمہ کی نظر میں امام اعظم کی مقام اخوت الامام کو مدون اول ہونے کا اعزاز، اور ان کے دلچسپ فقہی فیصلے اور مباحثوں کی تفصیل فقہ حنفی کی امتیازی شان اور دلچسپ فقہی حوالوں کا ایک بہترین مجموعہ ہے اس کتاب کو متعدد ابواب کو 2 جولائی 2004ء کو سفر برطانیہ کے دوران پڑھنے کا موقع ملا جس پر مجھے انتہائی خوشی حاصل ہوئی۔ کہ دیار مغرب میں بیٹھ کر پاکستان کا ایک فاضل فرزند مولانا سید طارق علی شاہ نے موضوع کی حساسیت کے پیش نظر ایک اہم کتاب مرتب کی ہے۔ واقعی اس کی اشاعت و ترتیب وقت کی ایک اہم ضرورت تھی جس پر مصنف مبارکباد کے مستحق ہیں اہل علم وطلبہ اور قارئین کو یہ کتاب ایک بار ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔

(مولانا) سید نصیب علی شاہ الہاشمی "ایم این اے"

رئیس التحریر المباحث الاسلامیہ

جامعہ المرکز الاسلامی بنوں پاکستان

**نوٹ:**

پشاور فقہی کانفرنس کی مختصر رپورٹ اس مجلہ کے آخر میں درج ہے تفصیلی روئیداد علیحدہ کتاب کی شکل میں شائع کی جارہی ہے۔

کانفرنس کے مقالات ضخیم جلدوں میں طبع کرنے پر کام شروع ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com